# پیش لفظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**الحمد للّٰہ رب العالمین و الصلاۃ و السلام علی سید الأنبیاء و المرسلین وعلی آلہ وصحبہ أجمعین وبعد!**

قرآن کریم میں توحید، معاد، رسالت کے ذکر کے بعد جس قدر تذکرہ نماز کا ہے، کسی دوسری عبادت کا نہیں۔ اجمالی طور پر اور عبادات واطاعت کے ضمن میں تو سیکڑوں دفع سے بھی زیادہ ذکر نماز کا ہے، لیکن صراحۃً تو تقریباً ایک سو نو مرتبہ قرآن مجید میں نماز کا ذکر ہے، اس میں نماز کی فرضیت، اہمیت اور حکمت کے علاوہ نماز کے احکام ومسائل، اس کے شرائط، مبادی وارکان اور مستحبات تک کا تذکرہ موجود ہے، اس کا اجر وثواب اور اس کے دنیوی واخروی فوائد بھی مذکور ہیں۔ عقیدہ اور فکر کی اصلاح کے بعد تمام عبادات میں سے اہم ترین عبادت نماز ہے۔ ماشاءاللہ ''**فتاویٰ علماء ہند**'' کی یہ جلد بھی اوقات الصلاۃ اور اذان کے مسائل کے باب میں ہے۔

مولائے کریم کا لاکھ لاکھ شکر واحسان ہے کہ اس نے اپنے فضل وکرم سے فتاویٰ علماء ہند جلد خامس کی تکمیل کی توفیق مرحمت فرمائی۔ سابقہ جلدوں کی طرح اس جلد میں بھی مفتی بہ مسائل کا مدلل احاطہ کیا گیا ہے۔ الحمدللہ یہ اطلاعات باعث شکر ومسرت ہیں کہ کتاب علمی حلقے میں خوب مقبول ہو رہی ہے؛ بالخصوص وہ طلباء وعلمائے کرام جن کا تعلق علم فقہ وفتاویٰ سے ہے، بہت نفع محسوس کر رہے ہیں۔ اللہ پاک اس مجموعے کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے حضرت ماموں جان اور والد محترم مدظلہم اور اس نکارہ کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے اور احقر کو مزید دینی وعلمی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

میں شکر گزار ہوں اپنے ان تمام بزرگوں کا جنہوں نے اس کتاب پر اپنے تأثرات ودعائیہ کلمات تحریر فرمائے اور ہماری ہمت افزائی فرمائی اور اسی طرح اپنے ان تمام دوستوں اور بزرگوں کا جنہوں نے اس کتاب کی تکمیل میں حصہ لیا۔ اللہ پاک ان کی اس سعی جمیل کو قبول فرمائے اور ہمیں بھی ان کے طفیل سے نواز دے۔ (آمین)

محمد اسامہ شمیم الندوی
رئیس المجلس العلمی للفقہ الاسلامی

بتاریخ: ۱۰/۱۰ اکتوبر ۲۰۱۵ء